# پنجگانہ

# تعقیبات نماز

(معہ ترجمہ)



مرتبہ

الحاج آغا نثار احمد صاحب مرحوم ڈپٹی کلکٹر (انہار)

بانی ادارہ

پوسٹ کوڈ 54000
افتخار بک ڈپو (رجسٹرڈ) اسلام پورہ لاہور

اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ

ترجمہ: تم مجھ سے دُعا مانگو میں قبول کروں گا۔

# تعقیبات نماز

## ﴿پنجگانہ﴾

**مترجم:**

عالی جناب مولانا سیّد نذر محمد صاحب قبلہ بارہوی

ممتاز الافاضل سابق ناظم دینیات امامیہ یتیم خانہ، دہلی

**مرتبہ:**

الحاج آغا نثار احمد صاحب مرحوم ڈپٹی کلکٹر (انہار)

**بانی ادارہ:**

افتخار بک ڈپو (رجسٹرڈ) اسلام پورہ لاہور

سفید مجلد-/70 عام کارڈ کور-/50 آرٹ پیپر-/120

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | مضمون | صفحہ |
| --- | --- | --- |
| ۱ | آیۃ الکرسی | ۳ |
| ۲ | دُعائے معرفت وسلامتی امام زمانہؑ | ۵ |
| ۳ | دُعائے فرج امام زمانہؑ | ۶ |
| ۴ | تعقیب روزانہ | ۷ |
| ۵ | نادِ علیؑ | ۶۰ |
| ۶ | تعقیب ایام ہفتہ | ۶۱ |
| ۷ | تعقیب نماز صبح | ۸۸ |
| ۸ | تعقیب نماز ظہر | ۱۴۳ |
| ۹ | تعقیب نماز عصر | ۱۵۲ |
| ۱۰ | تعقیب نماز مغرب | ۱۶۲ |
| ۱۱ | تعقیب نماز عشاء | ۱۶۸ |
| ۱۲ | ادعیہ وقت خواب | ۱۷۸ |
| ۱۳ | تعقیب بعد ہر نماز پنجگانہ | ۱۸۴ |
| ۱۴ | دُعا وقت شب جمعہ وروز جمعہ | ۲۰۱ |
| ۱۵ | ادعیہ برائے اولاد نرینہ وغیرہ | ۲۰۳ |
| ۱۶ | ادعیہ امراض | ۲۱۷ |
| ۱۷ | چہار قُل | ۲۲۱ |
| ۱۸ | چند اسمائے حسنیٰ کے فوائد | ۲۲۴ |

# اٰیۃُ الکُرسی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۚ اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ۬ۚ لَا تَاۡخُذُہٗ

اللہ ہی وہ (ذات ہے) اس کے سوا کوئی معبود نہیں (وہ) زندہ، جہان کا سنبھالنے والا ہے۔ اس کو نہ اونگھ

سِنَۃٌ وَّ لَا نَوۡمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی

آتی ہے نہ نیند۔ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے (غرض سب کچھ)

الۡاَرۡضِ ؕ مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ عِنۡدَہٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِہٖ ؕ

اسی کا ہے۔ کون ایسا ہے جو بغیر اس کی اجازت کے اس کے پاس (کسی کی) شفاعت کرے۔

یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡہِمۡ وَ مَا خَلۡفَہُمۡ ۚ وَ لَا یُحِیۡطُوۡنَ

جو کچھ ان کے سامنے (موجود) ہے (وہ) اور جو کچھ ان کے پیچھے (ہو چکا) ہے (اللہ سب کو) جانتا ہے اور لوگ اس کے علم سے کسی چیز

بِشَیۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِہٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرۡسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ

پر بھی احاطہ نہیں کر سکتے مگر وہ (جسے) جتنا چاہے (سکھا دے)۔ اس کی کرسی سب آسمانوں اور زمینوں کو گھیرے ہوئے ہے

وَ الۡاَرۡضَ ۚ وَ لَا یَـُٔوۡدُہٗ حِفۡظُہُمَا ۚ وَ ہُوَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ ﴿۲۵۵﴾

اور ان دونوں (آسمان اور زمین) کی نگہداشت اس پر کچھ بھی گراں نہیں اور وہ (بڑا) عالی شان بزرگ (مرتبہ) ہے۔

لَاۤ اِکۡرَاہَ فِی الدِّیۡنِ ۟ۙ قَدۡ تَّبَیَّنَ الرُّشۡدُ مِنَ الۡغَیِّ ۚ

دین میں کسی طرح کی زبردستی نہیں کیونکہ ہدایت گمراہی سے (الگ) ظاہر ہو چکی

فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ

تو جس شخص نے جھوٹے معبودوں (بتوں) سے انکار کیا اور اللہ ہی پر ایمان لایا تو اس نے

اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۚ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۗ وَاللّٰهُ

وہ مضبوط رسی پکڑ لی جو ٹوٹ ہی نہیں سکتی اور اللہ (سب کچھ) سنتا

سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵۶﴾ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ

(اور) جانتا ہے۔ اللہ ان لوگوں کا ولی ہے جو ایمان لاچکے کہ انہیں (گمراہی) تاریکیوں سے

مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۗ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـئُهُمُ

نکال کر (ہدایت کی) روشنی میں لاتا ہے اور جن لوگوں نے کفر اختیار کیا ان کے سرپرست

الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۗ

شیطان ہیں کہ ان کو (ایمان کی) روشنی سے نکال کر (کفر کی) تاریکیوں میں ڈال دیتے ہیں

اُولٰٓـئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵۷﴾

یہی لوگ تو جہنمی ہیں، (اور) یہی اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ (آل عمران ۲۵۵ تا ۲۵۷)

## وباء سے بچاؤ کیلئے دُعا

کم از کم نماز صبح کے بعد گھر میں بیٹھ کر اکتالیس بار پڑھیں یا لکھ کر گھر کی جنوبی دیوار پر چسپاں کریں اہل خانہ ہر قسم کی وباء سے محفوظ رہیں گے۔

لِيْ خَمْسَةٌ اُطْفِيْ بِهَا حَرَّ الْوَبَاءِ الْحَاطِمَةِ

میرے لئے پانچ ایسی ہستیاں ہیں جن کی وجہ سے وباء کی آگ (گرمی)

اَلْمُصْطَفٰى وَالْمُرْتَضٰى وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةُ

کو بجھاتا ہوں مصطفیٰ اور مرتضیٰ اور ان کے فرزندان اور فاطمہ ہیں

# دُعائے معرفت و دُعائے سلامتی امام زمانہؑ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ عَرِّفْنِيْ نَفْسَكَ فَاِنَّكَ اِنْ لَّمْ تُعَرِّفْنِيْ نَفْسَكَ لَمْ اَعْرِفْ نَبِيَّكَ

اے اللہ تو مجھے اپنی معرفت عطا فرما اگر تو نے مجھے اپنی معرفت نہ عطا کی تو میں تیرے نبی کو نہ پہچان سکوں گا

اَللّٰهُمَّ عَرِّفْنِيْ رَسُوْلَكَ فَاِنَّكَ اِنْ لَّمْ تُعَرِّفْنِيْ رَسُوْلَكَ لَمْ اَعْرِفْ حُجَّتَكَ

اے اللہ تو مجھے اپنے رسول کی معرفت عطا فرما اگر تو نے اپنے رسول کی معرفت نہ کرائی تو میں تیری حجت کو نہ پہچان سکوں گا

اَللّٰهُمَّ عَرِّفْنِيْ حُجَّتَكَ فَاِنَّكَ اِنْ لَّمْ تُعَرِّفْنِيْ حُجَّتَكَ ضَلَلْتُ عَنْ دِيْنِيْ

اے اللہ تو مجھے اپنی حجت کی معرفت عطا فرما پس اگر تو نے اپنی حجت کو نہ پہنچوایا تو میں اپنے دین سے بھٹک جاؤں گا

پھر تین بار کہے: يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ

اے اللہ اے بے حد مہربان اے رحم کرنے والے اے دلوں کے پھیرنے والے میرے دل کو ثابت رکھ اپنے دین پر

پھر ایک مرتبہ کہے: بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الْاَطْهَارِ (بواسطہ احترام محمدؐ اور ان کی پاک آلؑ کا)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ كُنْ لِوَلِيِّكَ الْحُجَّةِ ابْنِ الْحَسَنِ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰبَآئِهٖ

اے معبود محافظ بن جا اپنے ولی حجت ابن الحسن کا تیری رحمت نازل ہو اُن پر اور اُن کے آبائے گرامی پر

فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ وَفِيْ كُلِّ سَاعَةٍ وَّلِيًّا وَّحَافِظًا وَّقَآئِدًا وَّنَاصِرًا

اس لمحہ میں اور ہر آنے والے لمحہ میں۔ بن جا اُن کا مددگار اور نگہدار اور پیشوا اور حامی

وَّدَلِيْلًا وَّعَيْنًا حَتّٰى تُسْكِنَهٗ اَرْضَكَ طَوْعًا وَّتُمَتِّعَهٗ فِيْهَا طَوِيْلًا

اور رہنما اور نگہبان یہاں تک کہ تو لوگوں کی چاہت سے اپنی زمین کی حکومت دے اور مدتوں اس پر برقرار رکھے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَجِّلْ فَرَجَهُمْ وَسَهِّلْ مَخْرَجَهُمْ

اے اللہ رحمت نازل فرما حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل پر اور ان کے ظہور میں تعجیل فرما اور ان کے ظہور میں آسانی فرما

# دُعائے فرج امام زمانہؑ

اَللّٰهُمَّ عَظُمَ الْبَلَاءُ وَبَرِحَ الْخَفَاءُ وَانْكَشَفَ الْغِطَاءُ وَانْقَطَعَ الرَّجَاءُ وَ

بارالٰہا! مصیبتیں بڑھ گئی ہیں درد نہاں ظاہر ہوگیا اور پردہ کھل گیا ہے اور اُمید ٹوٹ گئی اور

ضَاقَتِ الْاَرْضُ وَمُنِعَتِ السَّمَاءُ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَاِلَيْكَ الْمُشْتَكٰى

زمین باوجود وسعت کے تنگ ہوگئی ہے اور آسمان نے رکاوٹ ڈال دی اور تو بہترین مددگار ہے

وَعَلَيْكَ الْمُعَوَّلُ فِي الشِّدَّةِ وَالرَّخَاءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

میں تجھ سے اپنی شکایت کرتا ہوں اور تکلیف و آسائش کے وقت تجھ سے ہی مدد کا طلبگار ہوں پروردگارا تو

وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اُولِي الْاَمْرِ الَّذِيْنَ فَرَضْتَ عَلَيْنَا طَاعَتَهُمْ وَعَرَّفْتَنَا

محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اپنی رحمت نازل فرما جو صاحبانِ امر ہیں وہ وہی ہیں جن کی اطاعت تو نے ہم پر فرض کی اور اس طرح

بِذٰلِكَ مَنْزِلَتَهُمْ فَفَرِّجْ عَنَّا بِحَقِّهِمْ فَرَجًا عَاجِلًا قَرِيْبًا كَلَمْحِ الْبَصَرِ

ہمیں انکے مرتبہ کی پہچان کرائی ہے پس انکے صدقے میں ہمیں آسودگی عطا فرما جلدتر، نزدیک تر، گویا آنکھ جھپکنے میں یا اس سے

اَوْ هُوَ اَقْرَبُ يَا مُحَمَّدُ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا مُحَمَّدُ اِكْفِيَانِيْ فَاِنَّكُمَا كَافِيَانِ

بھی شتاب تر، اے محمد مصطفےٰ، اے علی المرتضیٰ، اے علی المرتضیٰ، اے محمد مصطفےٰ میری کفایت فرمایئے کیونکہ آپ ہی میرے لئے کافی ہیں

وَانْصُرَانِيْ فَاِنَّكُمَا نَاصِرَانِ يَا مَوْلَانَا يَا صَاحِبَ الزَّمَانِ اَلْغَوْثَ

میری مدد فرمایئے کیونکہ آپ ہی میرے ناصر و مددگار ہیں اے میرے مولا، اے صاحب الزمانؑ،

اَلْغَوْثَ اَلْغَوْثَ اَدْرِكْنِيْ اَدْرِكْنِيْ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ اَلْعَجَلَ

فریاد فریاد فریاد، آپ میری مدد کیجئے، مدد کیجئے، (اسی) گھڑی، (اسی) گھڑی، بہت جلد،

اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

بہت جلد، بہت جلد، پناہ دیجئے، پناہ دیجئے، واسطہ تجھے تیری رحمت کا اے سب سے زیادہ رحم والے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تعقیبِ روزانہ

(۱) امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ اس دعا کو پڑھو تاکہ ایمان کامل ہو جائے اور تا وقتِ مرگ زائل نہ ہو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو رحم کرنے والا بہت مہربان ہے

رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
میں اللہ کے ساتھ راضی ہوا جو پالنے والا ہے اور ساتھ محمدؐ کے رحمت نازل ہو ان پر اور ان کی

وَاٰلِهٖ نَبِيًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِالْقُرْاٰنِ
آل پر ان کے نبی ہونے پر اور اسلام کے مذہب کے ساتھ اور قرآن آسمانی کتاب کے

كِتَابًا وَّبِالْكَعْبَةِ قِبْلَةً وَّبِعَلِيٍّ وَّلِيًّا
ساتھ اور کعبہ کے قبلہ ہونے کے ساتھ اور علی کے ولی اور امام ہونے کے ساتھ

وَّاِمَامًا وَّبِالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَعَلِيِّ بْنِ
اور حسن حسین اور علی فرزند

الْحُسَيْنِ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ وَّجَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ
حسین اور محمد خلف علی و جعفر خلف محمد

وَّمُوْسَى بْنِ جَعْفَرٍ وَّعَلِيِّ بْنِ مُوْسٰى وَ

و موسیٰ خلف جعفر و علی خلف موسیٰ و

مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ وَّعَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ وَّالْحَسَنِ

محمد بن علی اور علی خلف محمد و حسن

بْنِ عَلِيٍّ وَّالْحُجَّةِ بْنِ الْحَسَنِ صَلَوٰةُ اللّٰهِ

خلف علی اور حجت خلف حسن اللہ کی رحمت

عَلَيْهِمْ اَئِمَّةً اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ رَضِيْتُ بِهِمْ

نازل ہو ان اماموں پر اے میرے اللہ تحقیق میں ان اماموں کے ساتھ راضی

اَئِمَّةً فَارْضِنِيْ لَهُمْ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ

ہوا پس ان کو بھی مجھ سے راضی رکھ۔ بے شک تو ہر چیز

شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

پر قادر ہے

(۲) حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو بندہ ہر روز سات مرتبہ یہ دعا پڑھے تو جہنم کہتا ہے کہ اے خدا اس شخص کو مجھ سے پناہ دے۔

اَسْئَلُ اللّٰهَ الْجَنَّةَ وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ

میں اللہ سے جنت کا سوال کرتا ہوں اور ساتھ ہی پناہ مانگتا ہوں

مِنَ النَّارِ ۝

اللہ کے جہنم سے

(۳) حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ اگر کوئی مومن ایک دن میں چالیس گناہِ کبیرہ کرے اور اس کے بعد ندامت اور پشیمانی سے یہ استغفار پڑھے تو خداوند تعالیٰ اس کے گناہوں کو بخش دیتا ہے۔

(۲) جو شخص دو ماہ تک ہر روز سو مرتبہ اس دُعا کو پڑھے تو اس کو مال و علم کا خزانہ عطا ہوگا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ

میں اللہ سے استغفار کرتا ہوں، ایسا اللہ کہ سوائے اس کے دوسرا اللہ نہیں ہے جو

الْقَیُّوْمُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

ہمیشہ زندہ اور قائم ہے اور زمین و آسمان کا انوکھی طرح پیدا کرنے والا صاحبِ بخشش

ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَاَسْئَلُهٗ اَنْ یَّتُوْبَ عَلَیَّ

و کرم ہے اور میں اس سے سوال کرتا ہوں کہ میری توبہ قبول فرما

(۴) بحوالہ کافی حضرت رسولِ خدا ہر روز استغفار ستّر مرتبہ اور توبہ ستّر مرتبہ بجالاتے تھے۔

۷۰ بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ ۷۰ بار اَتُوْبُ اِلَی اللّٰهِ

میں اللہ سے استغفار کرتا ہوں — میں اللہ سے توبہ کرتا ہوں

(۵) بحوالہ ابنِ بابویہ حضرت سے روایت ہے کہ جو شخص ہر روز سات مرتبہ یہ دُعا پڑھے تو گویا وہ گذشتہ و آئندہ نعمات الٰہی کا شکریہ بجالایا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ نِعْمَةٍ كَانَتْ اَوْهِيَ كَائِنَةٌ

تمام تعریفیں اللہ کے واسطے ثابت ہیں اس کی ہر نعمت پر وہ ہو یا ہونے والی ہو

(۶) امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ حضرت رسولِ خدا تین سو ساٹھ مرتبہ یہ دُعا پڑھتے تھے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ كَثِيْرًا عَلٰى كُلِّ حَالٍ

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ثابت ہیں جو سارے جہانوں کا بہت پالنے والا ہے ہر حال میں ہے

(۷) بحوالہ ابن بابویہ امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ جو شخص ہر روز سو مرتبہ یہ دُعا پڑھے تو خداوند تعالیٰ ستر قسم کی بلائیں اس سے دُور کرتا ہے۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

ماسوا اللہ کے کسی میں قوت و طاقت نہیں ہے

(۸) امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو شخص ہر روز یہ دُعا پڑھے تو خداوند تعالیٰ اپنی رحمت اُس سے دُور نہیں رکھتا جب تک کہ وہ بہشت میں داخل نہ ہو۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ حَقًّا حَقًّا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

آرزوئے حق کوئی اللہ نہیں ہے مگر معبود مجھ بندے اور غلام کے

عُبُودِيَّةً وَّرِقًّا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِيْمَانًا وَّصِدْقًا ط

نزدیک کوئی لائق عبادت نہیں ہر مگر اللہ اور کوئی اللہ نہیں ہے مگر اللہ ایمان اور سچائی کی رو سے کہتا ہوں

(۹) آنحضرت صلعم سے منقول ہے کہ اس دعا کو دس مرتبہ پڑھے:۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ

میں شہادت دیتا ہوں کہ کوئی اللہ نہیں ہے مگر اللہ جو واحد ہے اور اس کا کوئی شریک

اِلٰهًا وَّاحِدًا صَمَدًا لَّمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ط

نہیں ہے معبود ہے واحد ہے بے نیاز ہے نہ اس کی کوئی بیوی ہے نہ بچے ہیں (بمفتاح الجنان)

(۱۰) امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ جو کوئی سُبْحَانَ اللّٰهِ کو روزانہ تین مرتبہ پڑھے تو اس سے ستر قسم کی بلائیں دور ہوتی ہیں۔

(۱۱) جو شخص سو مرتبہ ان کلمات کو پڑھے تو خداوند تعالیٰ اُس کے بدن پر آتشِ دوزخ حرام کر دیتا ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اللہ پاک ہے اور تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں اور کوئی اللہ نہیں

وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ط

مگر اللہ جو سب سے بزرگ ہے

(۱۲) محاسن میں حضرت رسولِ خدا سے منقول ہے کہ ہر روز سو مرتبہ

سُبْحَانَ اللّٰہِ پڑھے تو کعبہ میں سو اونٹ قربانی کرنے سے بہتر ہے۔ اور سو مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ پڑھے تو سو غلام آزاد کرانے سے بہتر ہے اور سو مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھے تو اس سے اچھا عمل کسی کا نہ ہوگا۔

(۱۳) امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ جو شخص سات مرتبہ روزانہ یہ دعا پڑھے تو امورِ دنیا و آخرت میں خدا اُس کی امداد کرتا ہے:۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ رَبِّی اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ

اللہ میری منشا کے مطابق اللہ میرا پالنے والا سوائے اس کے کوئی اللہ نہیں ہے اس پر

تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط

میں توکل کرتا ہوں اور وہ عرش عظیم کا مالک ہے

(۱۴) حضرت رسولِ خدا سے منقول ہے کہ جو شخص روزانہ پانچ مرتبہ اس استغفار کو پڑھے تو خداوند تعالیٰ اس کے تمام گناہ اگرچہ مثل کفِ دریا کے ہوں بخش دیتا ہے:۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ

میں اس اللہ سے استغفار کرتا ہوں کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں جو ہمیشہ زندہ و

الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ

قائم ہے اور اسی کی طرف توبہ کرتا ہوں

(۱۵) کتاب بلدالامین میں امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ یہ استغفار چار سو مرتبہ دو مہینہ تک پڑھے تو خداوند تعالیٰ اس کو بہت سا علم یا مال عطا فرمائے۔

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِىْ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ

میں اس خدا سے جو کہ وحدہٗ لاشریک ہے دنیا و آخرت میں اپنے بندوں پر بڑا رحم

الرَّحِيْمُ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ

کرنے والا ہے صاحب حیات سارے جہان کا سنبھالنے والا ہے آسمانوں اور

وَالْأَرْضِ مِنْ جَمِيْعِ جُرْمِىْ وَظُلْمِىْ وَ

زمین کا پیدا کرنے والا ہے اپنے تمام گناہ اور ظلم و تعدی اور اپنے نفس پر زیادتی

إِسْرَافِىْ عَلٰى نَفْسِىْ وَأَتُوْبُ إِلَيْهِ (اسباب النجاۃ)

کرنے کی مغفرت چاہتا ہوں اور اس سے توبہ کرتا ہوں

(۱۶) امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ خداوند تعالیٰ ہر روز تین مرتبہ تمجید فرماتا ہے۔ پس جو اس کو اسی کی طرح تمجید کرے تو وہ اگر شقی بھی ہوگا تو سعید ہو جائے گا۔ وہ تمجید یہ ہے۔

أَنْتَ اللّٰهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنْتَ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ

تمام عالموں کا مالک اور پرورش کرنے والا ہے تیرے سوا کوئی خدا نہیں تو

أَنْتَ اللّٰهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنْتَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

ہی دنیا و آخرت میں رحم کرنے والا ہے

اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ

تیرے سوا کوئی خدا نہیں تو ہی بلند مرتبہ اور بزرگ ہے سب سے۔

اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ مٰلِكُ يَوْمِ

تیرے سوا کوئی خدا نہیں تو قیامت کے دن کا مالک

الدِّيْنِ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْغَفُوْرُ

ہے تیرے سوا کوئی خدا نہیں تو ہی بڑا بخشنے والا اور رحم

الرَّحِيْمُ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْعَزِيْزُ

کرنے والا ہے تیرے سوا کوئی خدا نہیں تو ہی غالب اور صاحب

الْحَكِيْمُ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ مِنْكَ بَدْءُ

حکمت ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو ہی ہر چیز کی ابتدا ہے اور

كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْكَ يَعُوْدُ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ

تیری طرف ہر چیز لوٹے گی تیرے سوا کوئی دوسرا اللہ

اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ لَمْ تَزَلْ وَلَا تَزَالُ اَنْتَ اللّٰهُ

نہیں تو ہی لازوال ہے تو ہی ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ خَالِقُ الْخَيْرِ وَالشَّرِّ اَنْتَ

تیرے سوا کوئی دوسرا اللہ نہیں تو ہی خیر و شر کا خالق ہے

اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ خَالِقُ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ

تیرے سوا کوئی خدا نہیں تو بہشت و دوزخ کا پیدا کرنے والا ہے

اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ

تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو یکتا بے نیاز ہے

الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا

نہ تجھ سے کوئی پیدا ہوا اور نہ تو کسی سے پیدا ہوا اور

اَحَدٌ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْمَلِكُ

نہ تیرے جوڑ کا کوئی ہے تیرے سوا کوئی خدا نہیں تو ہی وہ بادشاہ ہے

الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ

جو کہ پاک و پاکیزہ ہے تو ہی سلامتی والا امان دینے والا نگرانی کرنے والا

الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا

زبردست حکم چلانے والا بزرگ ہے اللہ پاک ہے اس چیز سے کہ لوگ اس کا

یُشْرِکُوْنَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

شریک قرار دیتے ہیں اس کا تیرے سوا کوئی خدا نہیں تو ہی تو عدم سے وجود میں

الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی

لانے والا تو ہی جدا جدا صورت پر پیدا کرنے والا تو ہی صورت عطا کرنے والا ہے اسی یکتا

يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

خدا کے نام اچھے ہیں۔ زمین و آسمان کے باشندے اسی کی تسبیح پڑھتے ہیں وہی غالب

الْحَكِيْمُ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْكَبِيْرُ

حکمت والا ہے تیرے سوا کوئی اللہ نہیں تو ہی بزرگ تیری شان ارفع و

الْمُتَعَالُ وَالْكِبْرِيَآءُ رِدَآئُكَ (اسباب النجاۃ)

اعلیٰ ہے اور بڑائی تیری روا ہے۔

(۱۷) دُعا حضرت امام حسینؑ روزانہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْئَلُكَ بِكَلِمَاتِكَ وَمَعَاقِدِ

اے اللہ میں تجھ سے تیرے کلمات کے واسطہ اور تیرے عرش کے معاقد کے

عَرْشِكَ وَسُكَّانِ سَمٰوٰتِكَ وَاَنْبِيَآئِكَ

ذریعے اور تیرے آسمانوں کے رہنے والوں کے توسط اور تیرے

وَرُسُلِكَ اَنْ تَسْتَجِيْبَ لِىْ فَقَدْ رَهِقَنِىْ

نبیوں اور رسولوں کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ میری دعا قبول کر یقیناً گھیر

مِنْ اَمْرِىْ عُسْرٌ فَاَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّىَ عَلٰى

لیا ہے میرے امر کی تنگی نے مجھ کو بس میں سوال کرتا ہوں کہ محمد و آل محمد پر

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَجْعَلَ لِیْ مِنْ

رحمت نازل فرما اور میرے امر میں کشائش اور نکلنے

اَمْرِیْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا ۝

کا راستہ قرار دے

(۱۸) بحوالہ مصباح کفعمی دُعائے جناب امام حسن عسکریؑ جو شخص اس دعا کو پڑھے۔ خداوندتعالیٰ اس کو آنحضرتؐ کے ساتھ محشور فرمائے اور آتشِ دوزخ سے نجات دے اگرچہ وہ جہنم کا مستحق ہو۔

یَا عَزِیْزَ الْعِزِّ فِیْ عِزَّتِهٖ مَا اَعَزَّ عَزِیْزَ

اے اپنی عزت میں عزت والے کس قدر عزت والا ہے اپنی

الْعِزِّ فِیْ عِزَّتِهٖ یَا عَزِیْزُ اَعِزَّنِیْ بِعِزَّتِكَ

عزت میں اے عزیز اپنی عزت سے مجھ کو عزت دے

وَاَیِّدْنِیْ بِنَصْرِكَ وَاَبْعِدْ عَنِّیْ هَمَزَاتِ

اور اپنی مدد سے میری مدد کر اور مجھ کو دور رکھ شیاطین کے وساوس

الشَّیَاطِیْنِ وَادْفَعْ عَنِّیْ بِدَفْعِكَ وَامْنَعْ

سے اپنی قدرت سے مجھ سے بلا کو دور رکھ اور روک تو مجھ سے

عَنِّیْ بِمَنْعِکَ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ خِیَارِ خَلْقِکَ

بلاؤں کو اپنی طاقت سے اور مجھ کو بہترین خلق میں سے قرار دے

یَاوَاحِدُ یَا اَحَدُ یَا فَرْدُ یَا صَمَدُ

اے یکتا و تنہا اے فرد اے بے نیاز

(۱۹) بحوالہ کتاب کافی ابنِ عباس سے مروی ہے کہ جو شخص روزانہ ایک مرتبہ یہ دعا پڑھے تو خداوند تعالیٰ اس کے واسطے ہزار حسنہ لکھے گا۔ اور ہزار گناہ بخشے گا اور اس کے ہزار درجے بلند کرے گا اور اس کے واسطے ہزار آدمیوں کی شفاعت ثابت کرے گا۔

سُبْحَانَ مَنْ هُوَ بَاقٍ لَّا یَفْنٰی سُبْحَانَ

پاک ہے وہ اللہ کہ جو ایسا باقی ہے کہ جس کو فنا نہیں پاک ہے وہ ذات

مَنْ هُوَ عَالِمٌ لَّا یَنْسٰی سُبْحَانَ مَنْ هُوَ

جو ایسی عالم ہے کہ کبھی بھولتی نہیں پاک ہے وہ ذات کہ جو ایسی حافظ

حَافِظٌ لَّا یَغْفَلُ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ قَیُّوْمٌ

ہے کہ جس کو کبھی غفلت نہیں ہوتی پاک ہے وہ کہ جو سارے جہان کا سنبھالنے

لَّا یَنَامُ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ قَآئِمٌ لَّا یَسْهُوْ

والا ہے کہ جو کبھی نہیں سوتا پاک ہے وہ جو کہ ایسا قائم ہے کہ جس کو کبھی بھول

سُبْحَانَ مَنْ هُوَ مَلِكٌ لَا يُرَامُ سُبْحَانَ مَنْ

پاک ہے وہ جو ایسی ذات ہے کہ ڈھونڈا نہیں جاتا پاک ہے وہ کہ جو ایسا بادشاہ ہے کہ ڈھونڈا نہیں جاتا نہیں ہوتی

هُوَ عَزِيزٌ لَا يُضَامُ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ بَصِيرٌ

پاک ہے وہ جو کہ ایسا دیکھنے والا ہے پاک ہے وہ جو کہ ایسا غالب ہے کہ جس پر قابو نہیں پایا جا سکتا

لَا يَرْتَابُ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ وَاسِعٌ لَا

پاک ہے وہ جو کہ ایسی وسعت والا ہے کہ جس پر کہ جس میں کسی شبہ کی گنجائش نہیں

يُكَلَّفُ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ مُحْتَجِبٌ لَا يُرٰى

تکلیف نہیں کی جاتی۔ پاک ہے وہ جو پردہ میں ہے کہ نہیں دیکھا جا سکتا اور اپنے

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

بہترین خلق محمد و آل محمد پر اے خدا رحمت نازل فرما اور ان طیب و

الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا ○

طاہر ذوات پر درود و سلام بھیج

(۲۰) تسبیح حضرت جبرئیل علیہ السلام کفعمی علیہ الرحمۃ مصباح میں نقل کرتے ہیں کہ جو شخص ایک سال تک روزانہ اس دعا کو پڑھتا رہے۔ وہ جب تک اپنی جگہ بہشت میں نہیں دیکھ لیوے گا۔ نہیں مرے گا۔

سُبْحَانَ الدَّآئِمِ الْقَآئِمِ سُبْحَانَ الْقَآئِمِ

پاک ہے وہ ذات جو ہمیشہ ہمیشہ رہنے والی ہے پاک ہے وہ ذات کہ جسکو ہمیشہ ہمیشہ

الدَّآئِمِ سُبْحَانَ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ سُبْحَانَ

کے لئے ثبات و قرار ہے پاک ہے وہ ذات جو فرد یگانہ ہے یکتا ہے بے نیاز ہے

الْفَرْدِ الصَّمَدِ سُبْحَانَ الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ

اکیلا ہے پاک ہے وہ ذات کہ جس کو ایسی بقا ہے کہ فنا ہونے والی نہیں

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ الْحَيِّ

سارے جہان کا سنبھالنے والا ہے پاک ہے وہ ذات کہ جس کو کبھی موت

الَّذِیْ لَا يَمُوْتُ سُبْحَانَ الْمَلِكِ

نہیں پاک ہے وہ ذات سلطنت والی تمام عیوب سے بری

الْقُدُّوْسِ سُبْحَانَ رَبِّ الْمَلٰٓئِكَةِ

فرشتوں اور روح کا پروردگار ہے پاک ہے

وَالرُّوْحِ سُبْحَانَ الْعَلِيِّ الْاَعْلٰى سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى

وہ ذات کہ جو بلند مرتبہ اور سب سے برتر ہے

(۲۱) دعائے سلمانؓ بحوالہ مصباح کفعمی اس دعا کو ہمیشہ پڑھتا رہے تو خداوند تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ بندہ جو مجھ سے طلب کرے وہی عطا

کردوں اور جس چیز کو نہ چاہے وہ اس سے دُور رکھوں اور اس سے محبت دنیا کو سلب کردوں اور اس کے سینے کو حکمت و معرفت سے لبریز کردوں اور علم دین سے اس کو ممتاز کردوں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اِیْمَانًا تُبَاشِرُ بِهٖ

اے اللہ اس ایمان کا تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ جس کی وجہ سے تو میرے

قَلْبِیْ وَیَقِیْنًا صَادِقًا حَتّٰی اَعْلَمَ اَنَّهٗ لَنْ

دل کو خوش رکھے اور ایسا یقین صادق چاہتا ہوں کہ جس کے بعد مجھ کو علم ہوجائے

یُّصِیْبَنِیْ اِلَّا مَا كَتَبْتَ لِیْ وَرَضِّنِیْ مِنَ

اس بات کا کہ مجھ کو ہرگز نہیں پہنچے گی مگر وہی جو میرے مقدر میں لکھی ہے اور راضی رکھ

الْعَیْشِ بِمَا قَسَمْتَ لِیْ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

اس عیش سے مجھ کو جو میرے مقسوم میں ہے اے سب سے زائد مہربان

(۲۲) دُعائے غریق بحوالہ کتاب اکمال الدین وتمام النعمہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو شخص دعائے غریق کے ساتھ دُعا کرے گا وہ نجات پائے گا۔

یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ

اے اللہ اے سب سے زائد دنیا و آخرت میں رحم کرنے والے اے دلوں کو الٹ پلٹ

ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ

کردینے والے اپنے دین پر میرے دل کو ثابت اور قائم رکھ

(۲۳) حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ سانپ اور بچھو کے ضرر کو رفع کرنے کے واسطے پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ وَمَنْ

میں اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں اور اللہ پر توکل کرتا ہوں اور جو اللہ پر

یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ اِنَّ اللّٰہَ

توکل کرتا ہے پس وہ اس کے موافق ہو جاتا ہے تحقیق اللہ

بَالِغُ اَمْرِہٖ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ فِیْ کَنَفِکَ

حکم اس کا کامل ہے۔ اے میرے اللہ مجھ کو اپنی پناہ میں ٹھہرا اور اپنے

وَفِیْ جِوَارِکَ وَاجْعَلْنِیْ فِیْ حِفْظِکَ وَ

پڑوس میں اور تو مجھ کو اپنی حفاظت میں اور اپنی

اجْعَلْنِیْ فِیْ اَمْنِکَ

امان میں رکھ

(۲۴) حضرت رسولِ خدا سے منقول ہے کہ افلاس کے واسطے روزانہ یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ

اے اللہ ساتوں آسمانوں کے مالک اور بڑے عرش والے تو ہمارے قرض کو

الْعَظِیْمِ اِقْضِ عَنَّا الدَّیْنَ وَاَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ

ادا کر اور محتاجی سے ہم کو غنی کر دے۔

(۲۵) حضرت رسولِ خدا سے منقول ہے کہ وسعتِ رزق کے واسطے یہ دعا پڑھے۔

یَارَازِقَ الْمُقِلِّیْنَ یَارَاحِمَ الْمَسَاکِیْنِ

اے محتاجوں کو رزق دینے والے اے رحم کرنے والے مسکینوں پر

یَاوَلِیَّ الْمُؤْمِنِیْنَ یَاذَا الْقُوَّۃِ الْمَتِیْنِ

اے مومنوں کے مالک اے زبردست قوت والے رحمت نازل فرما

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَھْلِ بَیْتِہٖ وَارْزُقْنِیْ

محمد و آلِ محمد پر اور رزق دے اور

وَعَافِنِیْ وَاکْفِنِیْ مَا اَھَمَّنِیْ

مجھ کو معاف کر اور میری مہمات کو پورا کر

(۲۶) حضرت رسولِ خدا سے منقول ہے کہ بیماری اور فقر کے دفع کے واسطے یہ دعا پڑھے۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ

نہ کسی میں طاقت ہے نہ قوت مگر اللہ ہی میں میں نے اس خدا پر بھروسہ

الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ

کیا جس کو موت نہیں آتی اور یہ تمام تعریفیں اُس خدا کے واسطے

لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي

ہیں کہ جس کا کوئی بیٹا نہیں ہے اور نہ اُس کا کوئی ملک میں شریک

الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ

ہے اور نہ اُسے کسی طرح کی کمزوری ہے کہ کوئی اس کا سرپرست ہو

وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۝

اور اس کی بڑائی اچھی طرح کرتے رہا کرو

(۲۷) یہ دُعا رزقی، رزق کے واسطے نہایت مجرب ہے۔

يَا مَنْ هُوَ فِيْ مُلْكِهٖ مُقِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ فِيْ

اے وہ جو اپنے ملک میں مقیم ہے اے وہ جو اپنی بادشاہت میں

سُلْطَانِهٖ قَدِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ فِيْ جَلَالِهٖ عَظِيْمٌ

قدیم ہے اے وہ جو اپنی بزرگی میں بڑا ہے

يَا مَنْ هُوَ عَلٰى عِبَادِهٖ رَحِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ

اے وہ جو اپنے بندوں پر رحم کرنے والا ہے   اے وہ جو ہر شے کا

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ بِمَنْ عَصَاهُ

جاننے والا ہے   اے وہ کہ جس نے اس کی نافرمانی کی اس پر بردباری

حَلِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ بِمَنْ رَّجَاهُ كَرِيْمٌ يَا

کرنے والا ہے   اے وہ جس نے اس سے امید لگائی اس پر بخشش کرنیوالا اے

مَنْ هُوَ فِيْ صُنْعِهٖ حَكِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ فِيْ

وہ جو اپنی کاریگری میں حکمت والا ہے   اے وہ جو اپنی حکمت میں

حِكْمَتِهٖ لَطِيْفٌ يَا مَنْ هُوَ فِيْ لُطْفِهٖ قَدِيْمٌ

مہربانی کرنے والا ہے۔ اے وہ جو اپنی مہربانی میں قدیم ہے،

(۲۸) برائے ترقیٔ رزق اس دُعا کو پڑھنا چاہیئے :-

يَا مَنْ خَلَقَنِيْ وَسَوَّانِيْ يَا مَنْ رَّزَقَنِيْ وَ

اے وہ جس نے مجھ کو پیدا کیا اور سدھایا گیا اے وہ جس نے مجھ کو رزق دیا   اور میری

رَبَّانِيْ يَا مَنْ اَطْعَمَنِيْ وَسَقَانِيْ يَا مَنْ

پرورش کی اے وہ جس نے مجھ کو کھلایا اور پلایا اے وہ جس نے مجھ کو

قَرَّبَنِیْ وَاَدْنَانِیْ یَامَنْ عَصَمَنِیْ وَکَفَانِیْ یَا

قریب و نزدیک کیا اے وہ جس نے مجھ کو محفوظ رکھا اور میری کفایت کی

مَنْ حَفِظَنِیْ وَکَلَانِیْ یَامَنْ اَعَزَّنِیْ وَ

اے وہ جس نے میری حفاظت کی اور مجھ کو بچایا اے وہ جس نے مجھ کو عزت

اَغْنَانِیْ یَامَنْ وَفَّقَنِیْ وَھَدَانِیْ یَامَنْ

دی اور غنی کیا اے وہ جس نے مجھ کو توفیق دی اور ہدایت کی اے وہ جس نے

اٰنَسَنِیْ وَاٰوَانِیْ یَامَنْ اَمَاتَنِیْ وَاَحْیَانِیْ

مجھ سے انس کیا اور پناہ دی اے وہ جس نے مجھے مارا اور جلایا

(۲۹) ترقیٔ رزق کے واسطے اس دعا کو پڑھنا چاہیئے۔

یَاذَا الْجُوْدِ وَالنِّعَمِ یَاذَا الْفَضْلِ وَالْکَرَمِ یَا

اے بخشش و نعمتوں والے اے بزرگی و بخشش والے اے

خَالِقَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ یَابَارِئَ الذَّرِّ وَالنَّسَمِ

لوح و قلم کے خالق اے ذروں اور ہواؤں کے پیدا کرنے والے

یَاذَا الْبَاْسِ وَالنِّقَمِ یَامُلْھِمَ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ

اے سختی اور عذاب والے اے عرب و عجم کے الہام کرنے والے

يَا كَاشِفَ الضُّرِّ وَالْاَلَمِ يَا عَالِمَ السِّرِّ وَ

اے برائی اور غم کے دور کرنے والے اے بھیدوں اور نیتوں کے

اَلْهِمَمِ يَا رَبَّ الْبَيْتِ وَالْحَرَمِ يَا مَنْ خَلَقَ

جاننے والے اے خانہ کعبہ اور حرم کے پالنے والے اے وہ جس نے

الْاَشْيَاءَ مِنَ الْعَدَمِ سُبْحَانَكَ

چیزوں کو عدم سے پیدا کیا تو پاک ہے

(۳۰) صحت وحفاظت کے واسطے اس دعا کو پڑھے :۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ اَحَاطَ بِهٖ

اے اللہ میں تجھ سے ہر اس خیر کا سوال کرتا ہوں کہ جس کو تیرا علم گھیرے ہوئے

عِلْمُكَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ شَرٍّ اَحَاطَ بِهٖ

ہے اور ہر اس شر سے تجھ سے پناہ مانگتا ہوں کہ جس کو تیرا علم احاطہ کئے

عِلْمُكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ عَافِيَتَكَ فِىْ

ہوئے ہے اے خدا میں اپنے سارے امور میں تجھ سے خیر وعافیت کا سوال

اُمُوْرِىْ كُلِّهَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ خِزْىِ

کرتا ہوں اور دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب

الدُّنيا وعذاب الاٰخرة ؕ

سے تجھ سے پناہ مانگتا ہوں

(۳۱) جنت میں قرابت حاصل کرنے کے واسطے یہ دعا پڑھے :۔

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ

تسبیح کرتا ہوں میں اللہ کی درانحالیکہ میں اس کی حمد میں مشغول ہوں

سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ ؕ

میں اللہ بزرگ کی تسبیح کرتا ہوں دراں حالیکہ اس کی حمد میں مشغول ہوں

(۳۲) برائے حصولِ حاجت یہ دعا پڑھے :۔

سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ

اللہ پاک ہے اور تمام تعریفیں اسی کے لئے ہیں اور کوئی اللہ

اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ ؕ

نہیں سوائے اس اللہ بزرگ کے

(۳۳) بخشش گناہان کے واسطے یہ دعا پڑھے :۔

سُبحَانَكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اغْفِرْلِی ذُنُوبِی

پاک ہے تو تیرے سوا کوئی خدا نہیں میرے سب گناہ بخش دے

كُلَّهَا جَمِيعًا فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ كُلَّهَا

اس لئے کہ تیرے سوا کوئی سارے گناہوں کا

جَمِيعًا اِلَّآ اَنْتَ ٥

بخشنے والا نہیں

(۲۴) دُعا برائے حاجت و وسعت رزق

يَا سَبَبَ مَنْ لَّا سَبَبَ لَهٗ يَا سَبَبَ كُلِّ

اے سبب اس شخص کے کہ جس کا کوئی سبب نہیں اے ہر سبب والے کے سبب

ذِیْ سَبَبٍ يَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ بِغَيْرِ

اے جملہ اسباب کے پیدا کرنے والے بلا سبب کے محمد و آل محمد

سَبَبٍ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ

پر رحمت نازل فرما اور اپنے حلال

اَغْنِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ

کے ذریعے سے اپنے محرمات سے مجھے باز رکھ اور اپنی طاقت

عَنْ مَعْصِيَّتِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

کے توسط سے اپنی نافرمانی سے بچالے اور اپنے فضل کے واسطے سے

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا قَوِيُّ يَا غَنِيُّ يَا مَلِيُّ يَا وَفِيُّ

اپنے غیر سے مجھ کو بے پرواہ کر دے۔ اے ہمیشہ زندہ رہنے والے سارے

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝

جہان کے سنبھالنے والے اے صاحب قوت بے پرواہ اے غنی اے صبر اور نفع پہنچانیوالے سب سے زیادہ رحم کرنے والے مجھ پر رحم

(۳۵) برائے وسعت رزق یہ دعا پڑھے:۔

اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ رِزْقِيْ فِي السَّمَآءِ فَاَنْزِلْهُ وَ

الٰہی اگر میری روزی آسمان میں ہے تو نازل فرما اور اگر زمین

اِنْ كَانَ فِي الْاَرْضِ فَاَظْهِرْهُ وَاِنْ كَانَ

کے اندر ہے تو اس کو ظاہر کر دے اور اگر دور

بَعِيْدًا فَقَرِّبْهُ وَاِنْ كَانَ قَرِيْبًا فَاَعْطِنِيْهِ

ہے تو اس کو قریب کر دے اور اگر قریب ہے تو مجھ کو عطا

وَاِنْ كَانَ قَدْ اَعْطَيْتَنِيْهِ فَبَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَ

فرما اور اگر مجھ کو دے چکا ہے تو اس میں میرے لئے برکت عنایت کر اور

جَنِّبْنِيْ غَلَبَةَ الْمَعَاصِيْ وَالرَّدٰى بِرَحْمَتِكَ

مجھ کو گناہوں کے غلبہ اور ہلاکت سے بچا اے سب سے

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ؀

زائد رحم کرنے والے

۳) برائے ترقی رزق یہ دعا پڑھے:۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِّيْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا وَّارْزُقْنِيْ

یا اللہ میرے لئے کشائش اور اس بلا سے نکلنے کا راستہ قرار دے اور رزق

مِنْ حَيْثُ اَحْتَسِبُ وَمِنْ حَيْثُ لَا اَحْتَسِبُ

وہاں سے پہنچا جہاں سے میرا گمان ہے اور وہاں سے جہاں میرا گمان نہیں ہے

(۴) دشمن کو ذلیل و خوار کرنے کے واسطے دو ماہ تک ہر روز سات مرتبہ پڑھے:۔

اَللّٰهُمَّ سَخِّرْ لِيْ اَعْدَائِيْ كَمَا سَخَّرْتَ الرِّيْحَ

اے اللہ میرے دشمنوں کو میرے تابع کردے جس طرح ہوا کو حضرت

لِسُلَيْمَانَ ابْنِ دَاؤُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَلَيِّنْهُمْ

سلیمان بن داؤد کے تابع فرمان کردیا تھا اور دشمنوں کے

لِي كَمَا أَلَنْتَ الْحَدِيْدَ لِدَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

تلوب کو میرے حق میں نرم کر دے جیسا کہ لوہے کو حضرت داؤدؑ کے لئے نرم

وَذَلِّلْهُمْ لِي كَمَا ذَلَّلْتَ فِرْعَوْنَ لِمُوسٰى

کر دیا تھا اور ان کو ذلیل کر دے جیسا کہ فرعون کو حضرت موسیٰ کے لئے ذلیل

عَلَيْهِ السَّلَامُ وَقَهِّرْهُمْ لِي كَمَا قَهَّرْتَ اَبَا

کر دیا تھا اور ان کو مقہور کر دے جیسا کہ ابوجہل کو حضرت محمد

جَهْلٍ لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ بِحَقِّ

صلی اللہ علیہ وآلہ کے لئے مقہور کر دیا تھا بحق

كٓهٰيٰعٓصٓ وَحٰمٓعٓسٓقٓ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ

کہیعص و حمعسق بہرے گونگے اندھے ہیں پس یہ

لَا يَرْجِعُوْنَ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ

اپنی گمراہی سے باز نہیں آسکتے بہرے گونگے اندھے ہیں پس یہ دیکھتے ہیں

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ اِيَّاكَ

بہرے گونگے اندھے ہیں پس یہ سمجھتے نہیں خدایا ہم تیری

نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ وَلَا حَوْلَ وَلَا

ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ سے ہی مدد چاہتے ہیں سوائے

قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَجَعَلْنَا

اللہ بزرگ کے کسی میں قوّت و طاقت نہیں — اور ہم نے ایک

مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ

دیوار ان کے آگے بنا دی ہے — اور ایک دیوار اُن کے پیچھے

سَدًّا فَاَغْشَیْنٰهُمْ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ فَسَیَكْفِیْكَهُمُ

پھر اوپر سے اُن کو ڈھانک دیا ہے پس وہ کچھ دیکھ ہی نہیں سکتے پس ان کو

اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى

اللہ کافی ہے جو سب کی سنتا اور جانتا ہے اے خدا محمدؐ و آلِ محمدؐ پر

خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ ؕ

جو بہترین خلق ہیں اپنی رحمت نازل فرما

(۳۸) ہر روز تین مرتبہ یہ دُعا پڑھے۔

اَللّٰهُ قَدِیْمٌ اَزَلِیٌّ یُّزِیْلُ الْعِلَلَ وَهُوَ قَائِمٌ

اللہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا بیماریوں کو دور کرتا ہے — اللہ وہ اپنی

اَزَلِیٌّ بِالْاَزَلِیَّةِ لَمْ یَزَلْ وَلَا یَزَالُ بِرَحْمَتِكَ

ازلیت کے ساتھ برقرار ہے ہمیشہ سے ہے ہمیشہ رہے گا۔ اپنی رحمت سے

یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ

مجھ پر بھی رحم کر اے سب سے زائد رحم کرنے والے اور محمد و آل محمد پر رحمت نازل فرما

(۳۹) روزانہ ایک تسبیح اس دعا کی پڑھے دین و دنیا ہر دو کے واسطے مفید ہے. نیز ہر کام سہل ہو جائے گا.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَلَا حَوْلَ وَلَا

اللہ رحمٰن و رحیم کے نام سے شروع کرتا ہوں سوائے اللہ کے کسی میں قوت

قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ

و طاقت نہیں جو بلند اور بزرگ ہے اے اللہ محمد و آل محمد پر

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ ۝

رحمت نازل فرما

(۴۰) دعائے محبت دولا:-

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا ذَا الْعَرْشِ

اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور رحم کرنے والا ہے شروع کرتا ہوں اے صاحب عرش

الْمَجِیْدِ یَا ذَا الْقَوْلِ السَّدِیْدِ یَا ذَا الْفِعْلِ

بزرگ اے مضبوط قول والے مضبوط فعل والے اے سخت

الرَّشِيْدِ يَا ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ يَا ذَا الْوَعْدِ

حملہ والے اے وعدہ وعید کرنے والے

الْوَعِيْدِ يَا مَنْ هُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ يَا مَنْ

اے وہ ذات جو مالک سزاوار حمد ہے اے وہ ذات جو اپنے

هُوَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ يَا مَنْ هُوَ قَرِيْبٌ غَيْرُ

ارادہ سے کرتا ہے اے وہ جو نزدیک ہے دور نہیں اے

بَعِيْدٍ يَا مَنْ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ شَهِيْدٌ

وہ جو ہر چیز پر حاضر ہے اے

يَا مَنْ هُوَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ○

وہ جو اپنے بندوں پر ظلم نہیں کرتا

(۴) استغفار جلیلہ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ

میں اس خدا سے کہ جو وحدہ لاشریک ہمیشہ سے زندہ ہے اور زندہ رہے گا

الْقَيُّوْمُ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِجَمِيْعِ ظُلْمِيْ

جو جہان کا سنبھالنے والا صاحب جلال وعزت ہے اپنے تمام گناہ اور ظلم اور

وَجُرْمِیْ وَاِسْرَافِیْ عَلٰی نَفْسِیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

اپنی جان پر زیادتی کرنے کی معافی چاہتا ہوں اور اس کی بارگاہ میں

وَلَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ وَصَلِّ عَلٰی

توبہ کرتا ہوں تیرے سوا کسی میں گناہوں کے بخشنے کی قوت وطاقت نہیں

خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ○

اور محمد و آلِ محمد پر جو تیری مخلوقات میں بہترین مخلوق تھا اپنی رحمت نازل فرما

۴۲ دعائے استغفار از حضرت رسولِ خدا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْتَغْفِرُکَ مِمَّا تُبْتُ اِلَیْکَ مِنْہُ

یا اللہ درحقیقت میں اس گناہ کی بخشش چاہتا ہوں جس سے میں نے تیری درگاہ میں

ثُمَّ عُدْتُّ فِیْہِ وَاَسْتَغْفِرُکَ لِمَآ اَرَدْتُّ

توبہ کی اور پھر وہی گناہ کیا اور اس چیز سے مغفرت مانگتا ہوں کہ جس سے تیری

بِہٖ وَجْھَکَ فَخَالَطَنِیْ فِیْہِ مَالَیْسَ لَکَ

عبادت کا ارادہ کیا اور اس میں وہ چیز شریک ہوگئی جو تیرے لئے نہ

وَاَسْتَغْفِرُکَ لِلنِّعَمِ الَّتِیْ مَنَنْتَ بِھَا عَلَیَّ

تھی اور ان نعمتوں کے سبب سے بخشش کی دعا کرتا ہوں جن سے تو نے

فَتَقَوَّيْتُ بِهَا عَلٰى مَعَاصِيْكَ وَاَسْتَغْفِرُ

مجھ پر احسان کیا مگر میں ان کی وجہ سے تیری نافرمانی کے لئے قوی ہو گیا اور

اللّٰهَ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ

ایسے خدا سے مغفرت چاہتا ہوں کہ کوئی نہیں ہے مگر وہ ایک جو ہمیشہ ہمیشہ

عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

زندہ اور حاکم ہے غائب اور حاضر کا جاننے والا ہے رحمٰن اور رحیم ہے

لِكُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهٗ وَلِكُلِّ مَعْصِيَةٍ اِرْتَكَبْتُهَا

ہر اس گناہ سے جو میں نے کیا ہے اور ہر اس نافرمانی سے جس کا میں نے

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِىْ عَقْلًا كَامِلًا وَّ

ارتکاب کیا یا اللہ مجھ کو عطا کر عقل کامل اور محکم

عَزْمًا ثَابِتًا وَّلُبًّا رَاجِحًا وَّقَلْبًا زَكِيًّا وَّعِلْمًا

ارادہ اور عقل سلیم اور پاک قلب اور علم کثیر اور

كَثِيْرًا وَّاَدَبًا بَارِعًا وَّاجْعَلْ ذٰلِكَ كُلَّهٗ

خلق پسندیدہ اور ان سب کو میرے واسطے مفید قرار دے

مُنِيْلًا لِّىْ وَلَا تَجْعَلْهُ عَلَىَّ بِرَحْمَتِكَ يَآ

اور ایذا رسان ذکر نا اپنی رحمت سے اے

اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی

سب پر رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے اور خدا کی رحمت

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ٥

محمدؐ اور ان کی جملہ آل پر ہو

(۴۳) برائے حصولِ حاجات:۔ وسعت رزق و مقہوری دشمن ہر روز تین مرتبہ اَلْحَمْد پڑھ کر اس دعا کو پڑھ لیا کرے:۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

محمدؐ خدا کے رسولؐ ان پر اور ان کی اولاد پر رحمت نازل کرے میرے

اَمَامِیْ وَفَاطِمَۃُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰہِ فَوْقَ

سامنے اور فاطمہ دختر رسولؐ میرے سر پر اور

رَاْسِیْ وَاَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیُّ ابْنُ اَبِیْطَالِبٍ

امیر المومنین علی ابن ابی طالب وصی

وَصِیُّ رَسُوْلِ اللّٰہِ عَنْ یَّمِیْنِیْ وَالْحَسَنُ

رسول اللہ میری داہنی جانب نگران اور حسنؑ

وَالْحُسَیْنُ وَعَلِیٌّ وَّمُحَمَّدٌ وَّجَعْفَرٌ وَّمُوْسٰی

اور حسینؑ اور علیؑ اور محمدؑ اور جعفرؑ اور موسیٰؑ

وَعَلِیٌّ وَمُحَمَّدٌ وَعَلِیٌّ وَالْحَسَنُ وَالْحُجَّةُ

اور علی اور محمد اور علی اور حسن اور حجۃ اللہ

الْمُنْتَظَرُ صَاحِبُ الزَّمَانِ اَئِمَّتِیْ صَلَوَاتُ اللّٰہِ

محمد زمان میرے آئمہ خدا ان سب پر رحمت نازل فرمائے

عَلَیْھِمْ عَنْ شِمَالِیْ وَاَبُوْذَرٍّ وَّسَلْمَانُ وَمِقْدَادٌ

میرے بائیں جانب اور ابوذر اور سلمان فارسی اور مقداد

وَحُذَیْفَۃُ وَعَمَّارَۃٌ وَاَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰہِ

اور حذیفہ اور عمار اور دیگر اصحاب رسول اللہ ان

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ مِّنْ وَّرَآئِیْ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ

سب سے راضی ہو میرے پشت پناہ اور ملائکہ

عَلَیْھِمُ السَّلَامُ حَوْلِیْ وَاللّٰہُ تَعَالٰی رَبِّیْ

علیہم السلام میرے اردگرد اور اللہ تعالیٰ جل شانہٗ

تَعَالٰی شَانُہٗ تَقَدَّسَتْ اَسْمَآءُہٗ تَضَاھَرَتْ

جس کے تمام نام مقدس اور نعمتیں ظاہر

اٰلَآءُہٗ مُحِیْطٌ بِیْ وَحَافِظِیْ وَحَفِیْظِیْ وَاللّٰہُ

ہیں مجھ پر حاوی اور نگہبان ہے اور اللہ ان سب کے

مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ فِيْ

علاوہ حاوی بلکہ وہ قرآن مجید ہے لوح

لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ

محفوظ میں پس اللہ از روئے حفاظت سب سے بہتر ہے

الرَّاحِمِيْنَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا

اور وہی سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے

عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ

پاک ہے وہ اللہ اور

الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

جملہ تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اس کے سوا کوئی خدا نہیں وہی بزرگ

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

ہے اور نہیں ہے قوت ترک گناہ پر اور نہیں ہے طاقت اطاعت

بِرَبِّ الْكَرِيْمِ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْوَلِيُّ

پر مگر سوائے خدا کے جو بلند اور صاحب عظمت ہے اور کرم والے

الْقَدِيْمُ يَا وَاحِدُ ۝

پروردگار سے وہی اللہ بلند مرتبہ اور سرپرست اور مصاحب ہے اے یکتا

(۴۴) جو شخص اس دُعا کی تلاوت کرے گا وہ بے حساب جنت میں داخل ہوگا۔

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ

خدا گواہی دیتا ہے یہ کہ اس کے سوا کوئی اللہ نہیں اور ملائکہ

وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

اور صاحبانِ علم در آں حالیکہ وہ عدل قائم کرنے والا ہے اس کے

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ

سوا کوئی اللہ نہیں وہ عزیز اور حکیم ہے بے شک اللہ کے نزدیک اسلام ہی سچا

وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْ

مذہب ہے اور اہل کتاب نے اختلاف نہیں کیا مگر اس کے

بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ وَمَنْ

بعد کہ ان کو علم ہو چکا تھا کہ اسلام سچا مذہب ہے محض آپس کی عداوت

يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ

کی وجہ سے اور جو کوئی خدا کی نشانیوں کو نہیں مانتا خدا اس سے جلد حساب فہمی کرنے والا ہے

(۴۵) بحوالہ مصباح کفعمی جو شخص اس دُعائے حضرت آدمؑ کو پڑھے تو خداوند تعالیٰ اس کو وہ عطا کرے گا جس کی وہ خواہش کرے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ اِیْمَانًا تُبَاشِرُ بِہٖ قَلْبِیْ

اے اللہ میں تجھ سے اس ایمان کا سوال کرتا ہوں جس سے تو میرے دل کو خوش کرے

وَیَقِیْنًا صَادِقًا حَتّٰی اَعْلَمُ اَنَّہٗ لَنْ یُّصِیْبَنِیْ

اور ایسا یقین صادق چاہتا ہوں کہ جس کے بعد مجھ کو علم و یقین ہو جائے کہ مجھ کو

اِلَّا مَا کَتَبْتَ لِیْ وَرَضِّنِیْ مِنَ الْعَیْشِ

وہی چیز پہنچے گی جو میری قسمت میں تو نے لکھ دی ہے اور مجھ کو ایسی زندگی پر رضامند

بِمَا قَسَمْتَ لِیْ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝

کر جو میرے مقسوم و مقدر میں ہے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

(۴۶) جو شخص اس دعائے حضرت موسیٰ کو پڑھے گا تو خداوند تعالےٰ اس کی حاجات برلائے گا۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا

سوائے اس اللہ کے کہ جو صاحب حکمت و کرم ہے کوئی خدا نہیں سوائے اس

اللّٰہُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ

اللہ کے جو بلند مرتبہ اور صاحب عظمت ہے کوئی خدا نہیں پاک ہے وہ اللہ جو

السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْاَرْضِیْنَ السَّبْعِ

ساتوں آسمانوں اور زمینوں کا پالنے والا اور مالک ہے اور جو

وَمَا فِيْهِنَّ وَمَا بَيْنَهُنَّ وَرَبِّ الْعَرْشِ

ان میں ہے اور ان کے درمیان ہیں ہے ان سب کا مالک اور بڑے عرش

الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ

کا مالک جملہ تعریفیں اس اللہ کے لئے ثابت ہیں جو جہانوں کا پروردگار ہے

اِنِّىْ اَدْرَءُكَ فِىْ نَحْرِهٖ وَاَسْتَعِيْنُكَ عَلَيْهِ

اے اللہ میں یقیناً تجھ کو پاتا ہوں بحر میں اور میں تجھ سے مدد چاہتا

فَاكْفِنِيْهِ بِمَا شِئْتَ ثُمَّ شِئْتَ

ہوں پس تو میری کفایت کر جس طرح چاہے جس جگہ چاہے

(۴۷) جو شخص اس دعا کو ہر روز پڑھے تو حضرت رسولِ خدا سے منقول ہے کہ اس کی جو حاجت ہو گی وہ روا ہو گی اور دشمن اس کا مغلوب ہو گا۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ كَمَا يَنْبَغِىْ لِلّٰهِ

جیسا کہ اللہ کے لئے طہارت اور پاکیزگی سزاوار ہے ویسا ہی وہ اللہ پاک ہے

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَمَا يَنْبَغِىْ لِلّٰهِ

اور جیسا کہ تعریف کا وہ مستحق ہے ویسی ہی تعریفیں اس کے لئے ثابت ہیں

وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ كَمَا يَنْبَغِىْ لِلّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جیسا کہ اس کا حق ہے وہ ویسا ہی بزرگ ہے جیسا کہ

كَمَا يَنْبَغِي لِلّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا

وہ مستحق ہے بدون مدد اللہ کے کسی میں قوت وطاقت نہیں

بِاللّٰهِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ

اور اللہ نے محمدؐ پر جو کہ امی (دنیا میں کسی سے تحصیل علم نہیں کیا) ہیں

أَهْلِ بَيْتِهِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى جَمِيعِ

اور ان کے اہل بیتؓ پر اور جملہ رسل انبیاء پر ایسی رحمت نازل فرما کہ

الْمُرْسَلِينَ وَالنَّبِيِّينَ حَتّٰى رَضِيَ اللّٰهُ

جس سے وہ راضی ہو گیا

(۴۸) یہ دعائے حضرت یونسؑ برائے حاجت روزانہ پڑھے۔

يَا رَبِّ مِنَ الْجِبَالِ أَنْزَلْتَنِي وَمِنَ الْمَسْكَنِ

اے میرے اللہ پہاڑوں سے تو نے مجھے اتارا اور مقامات مسکونہ سے تو نے

أَخْرَجْتَنِي وَفِي الْبِحَارِ سَتَرْتَنِي وَفِي بَطْنِ

مجھے نکالا اور دریاؤں میں تو نے مجھے پوشیدہ کیا اور مچھلی کے شکم میں مجھ کو

الْحُوتِ حَبَسْتَنِي فَلَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ

قید کیا تیرے سوا کوئی خدا نہیں تو جملہ برائیوں سے پاک وصاف ہے

إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

بیشک میں بھی ظالمین میں سے ہوں

(۴۹) دعا حضرت ہودؑ روزانہ پڑھے تو اس کی دعا مستجاب ہوگی

مَا عَلَيْكَ يَا رَبِّ لَوْ اَرْضَيْتَ عَنِّيْ كُلَّ

اے پروردگار تیرا کوئی نقصان اور ضرر نہیں اگر ہر اس شخص کو کہ جس کا کوئی

مَنْ عَلَيْهِ لَهٗ قِبَلِيْ تَبِعَةٌ وَغَفَرْتَ

مظلمہ اور گناہ میرے ذمہ ہے اس کو مجھ سے رضامند کر دے اور جو قصور اور خطائیں

لِيْ مَا بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ

میری درمیان تیرے اور میرے محدود ہیں اور کسی کو اس کا علم نہیں ان کو بخش دے

وَاَدْخَلْتَنِي الْجَنَّةَ فَاِنَّ مَغْفِرَتَكَ لِلظّٰلِمِيْنَ

اور مجھ کو بہشت میں داخل کر دے کیونکہ تیری بخشش ظالموں کے لئے ہے اور میں

وَاَنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

بھی ظالمین میں سے ہوں لہٰذا مجھے بخشش سے محروم نہ رکھنا

(۵۰) دعائے حضرت داؤد علیہ السلام برائے استجابِ دعا روزانہ پڑھے:-

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ دَآئِمًا مَّعَ دَوَامِکَ

اے اللہ تیری ہمیشگی کے ساتھ تیرے لئے تعریفیں ہیں ہمیشہ ہمیشہ اور تیری بقا کے ساتھ

فَلَکَ الْحَمْدُ بَاقِیًا مَّعَ بَقَآئِکَ وَلَکَ الْحَمْدُ خَالِدًا

جملہ تعریفیں باقی ہیں اور تیری ہمیشگی کے ساتھ جملہ تعریفیں

مَّعَ خُلُوْدِکَ وَلَکَ الْحَمْدُ کَمَا یَنْبَغِیْ لِکَرَمِ

تیرے لئے ہیں ہمیشہ ہمیشہ اور بوجہ تیری بزرگی وجہ (علامات) اور جلالت قدر کے

وَجْھِکَ وَعِزِّ جَلَالِکَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

